ماہنامہ
الحقیقہ
پاکستان
مجلہ

جلد 9 | جنوری 2009 محرم الحرام ۱۴۳۰ھ | شمارہ 5



شہیدِ اعظم رضی اللہ عنہ اور درسِ کربلا

حضور نقشِ لاثانی قدس سرہ العزیز کا اندازِ تربیت





غیرت و ہمت کا گنجینۂ گوہرِ حسین رضی اللہ عنہ

اداریہ

گوشۂ خواتین

اسلامی پردہ اور عفتِ خواتین



شیرانِ اسلام کا قافلہ رواں دواں



میرا قبولِ اسلام

مزرائیت کے حوالے سے پُر درد اور سبق آموز تحریر

نعت شریف

سورج اے تیرا ذرہ ، اے تاجدار طیبہ
کعبہ اے تیرا شیدا ، اے تاجدار طیبہ
حسن تمام توں ایں ، تیرے ای جلویاں دا
یوسف نوں ملیا حصہ ، اے تاجدار طیبہ
کیہ تیریاں برکتاں دی ، گنتی کسے نوں آوے
بتخانہ بنیا قبلہ ، اے تاجدار طیبہ
مسکیناں بیکساں نوں غمگیناں ماڑیاں نوں
بن تیرے کون پچھدا اے تاجدار طیبہ
بندے نوں رب ملایا ، تیراای ہے ایہہ صدقہ
بندہ سے بنیا بندہ ، اے تاجدار طیبہ
آقا ایہہ تیری امت ، آفت تے آوے آفت
ہر پاسے رولا گولا ، اے تاجدار طیبہ
للکارے کفر انھوں ، منہ مارے شرک انھوں
تھاں تھاں تواں پواڑا ، اے تاجدار طیبہ
سب کفر اج اکٹھا ، دشمن نیں سارے یکجا
ملت اے پارہ پارہ اے تاجدار طیبہ
کنھوں ایہہ غم سنایئے ، دل دے زخم دکھایئے
تیرے بنا نہ چارہ ، اے تاجدار طیبہ
دشمن مکار وی اے ، جنگ نوں تیار وی اے
کردا اے روز جھگڑا ، اے تاجدار طیبہ
مرشد دا صدقہ آقا ، آسی دا سن لے رونا
کر عشق اپنا زندہ ، اے تاجدار طیبہ

حضور مفکر اسلام علیہ الرحمہ

ماہنامہ الحقیقہ پاکستان

جلد 9 جنوری 2009 محرم الحرام ۱۴۳۰ھ شمارہ 5

فہرست

غیرت و ہمت کا ہے گنجینہ گوہر حسین اداریہ 2

اتحاد ملت کی ضرورت و صورت 10

شہید اعظم اور درس کربلا 24

حضور نقش لاثانی کے اخلاق کریمانہ 30

میرا قبول اسلام 35

اسلامی پردہ اور عفت خواتین 39

عصر حاضر کے تقاضے اور علماء کی ذمہ داریاں 43

محبتوں اور جراتوں کا قافلہ رواں دواں 47

پبلشر محمد عطاء الحق ... فون 0542-451734 ... سے شائع کیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

یونس ـ ۶۲

ترجمہ: سُن لو اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ کچھ غم

کلمۃ الحقیقہ　　　　　　　　　　　　اداریہ

غیرت و ہمت کا ہے گنجینہ گہرِ حسین رضی اللہ عنہ

سعید آسوی کے قلم سے

سیماب نظر آتی ہے مجھے ہر چیز اداس اور آزردہ

نصرت غمگیں ہو جاتی ہے جب ماہِ محرم آتا ہے

اسلامی تقویم کے نئے سال ۱۴۳۳ھ کا آغاز یکم محرم سے ہو چکا ہے۔ ہر سال ماہِ محرم میں اہلِ محبت کے بادشاہ اور اہلِ شہادت کے تاجدار، نواسہ رسول، جگر گوشہ بتول، شہزادہ گلگوں قبا، سراپا صدق و صفا حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے عظیم ترین سانحہ شہادت کی یاد دلاتا اور تڑپاتا ہے۔ آپ کی اس بے مثال قربانی پر اسلام اور اہلِ اسلام جتنا ناز کریں کم ہے۔ کہاں مدینہ منورہ کی سکون بخش بہاریں اور مکہ معظمہ کی لاہوتی فضائیں اور کہاں دشتِ نینوا کی ریت اور جھلسا دینے والی ہوائیں، نہ کوئی مصلحت آڑے آئی، نہ کسی کے رعب یا لالچ نے آپ کے پائے استقلال میں ڈگمگاہٹ پیدا کی۔

یہ عجیب اتفاق ہے کہ رجب کی ستائیسویں شب تھی، جب امینِ اسرارِ رحمانی، قاسمِ نعمائے ربانی، عالمِ علومِ عرفانی، دانائے اسرارِ نہانی یعنی حضور احمد مجتبیٰ، محمد مصطفیٰ ﷺ مکہ معظمہ سے اپنے رب کے دیدار کیلئے لامکاں کی طرف سفرِ معراج پر روانہ ہوئے تھے۔ اور پھر یہی رات تھی، جب عینِ عیونِ نور، معطیِ الہباء والسرور، اور شافعِ یوم النشور ﷺ کا نواسہ، مدینہ منورہ کے حالات کو پر سکون دیکھنے کی آرزو میں مکہ معظمہ کی طرف عازمِ سفر ہوا تھا۔ یہ بھی عجیب اتفاق ہے کہ ذوالحجہ میں جب حجاج قربانی کے جانور لے کر مکہ معظمہ سے منیٰ مقدس کی طرف نکلتے ہیں، ملتِ اسلامیہ کا شہیدِ اعظم علی اکبر، علی اصغر، عون و محمد رضی اللہ عنہم کو ساتھ لے کر میدانِ کربلا کی طرف روانہ ہوا۔ حضرت اقبال فرماتے ہیں۔

بہر ابراہیم و اسمٰعیل بود

یعنی آں اجمال را تفصیل بود

مقصد یہ کہ ابراہیم علیہ السلام منیٰ کی طرف اپنے لختِ جگر کو قربان کرنے کیلئے جا رہے تھے اور ان کے لختِ جگر جناب اسمٰعیل علیہ السلام قربان ہونے کیلئے جا رہے تھے مگر شہسوارِ کربلا (رضی اللہ عنہ) کی طرف دیکھئے۔ ایک طرف تو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی طرح قربان ہونے کیلئے جا رہے

ہیں اور پھر دوسری طرف بیٹوں، بھائیوں، بھتیجوں اور دوسرے جانثاروں کو قربان کرنے کیلئے حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی طرح جا رہے ہیں۔
خوب فرمایا حکیم الامت اقبال نے

غریب و سادہ و رنگیں ہے داستانِ حرم
نہایت اس کی حسین رضی اللہ عنہ ابتدا ہے اسمٰعیل علیہ السلام

یہ سانحہ شہادت 10 محرم ۶۱ھ کو کربلا کے سنگلاخ کی تپتی ہوئی ریت پر رونما ہوا جب یزید پلید کی کم از کم بائیس ہزار افواج نے راکبِ دوشِ رسول ﷺ کو صرف بہتر ساتھیوں سمیت دریائے فرات کے کنارے انتہائی بے رحمی کے ساتھ بھوکا پیاسا رکھ کر دعوت پیکار دی اور نوجوانان جنت کا سردار کسی مصلحت دنیوی کو خاطر میں لائے بغیر محض اسلام کے تحفظ کی خاطر صبر و استقامت سے لیس ہو کر میدان میں ڈٹ گیا۔

دوپہر تک خاندان نبوت کے تمام چشم و چراغ، جملہ اعوان و انصار ایک ایک کر کے شہید ہو گئے۔ ہر تڑپتی ہوئی لاش کی آخری ہچکیوں پر امام عالی مقام میدان میں پہنچے، گود میں اٹھایا، خیمے تک لائے، زانو پہ سر رکھا اور جاں نثار نے دم توڑ دیا۔

نظر کے سامنے جن لاشوں کا انبار ہے ان میں نازوں پالے جگر کے ٹکڑے بھی ہیں اور آنکھ کے تارے بھی۔ بھائی اور بہن کے لاڈلے بھی اور باپ کی نشانیاں بھی، ان بے گور و کفن لاشوں پر کون آنسو بہائے اور کون جلتی ہوئی آنکھوں پر تسکین کا مرہم رکھے۔ دوسری طرف حرم نبوت کی خواتین ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کی بیٹیاں ہیں، سوگوار مائیں اور آشفتہ حال بہنیں ہیں۔ ان میں وہ بھی ہیں جنکی گودیں خالی ہو چکی ہیں۔ عورت ذات کے دل کا آبگینہ یونہی نازک ہوتا ہے، ذرا سی ٹھیس جو برداشت نہیں کر سکتا۔ آہ اس پر آج پہاڑ ٹوٹ پڑے ہیں۔

سب کے سب جام شہادت نوش کر چکے۔ تنہا ایک ابن حیدر کی ذات باقی رہ گئی ہے۔ اب وہ بھی رختِ سفر باندھ رہے ہیں۔ ملت کی تطہیر اور حمایت حق کا فرض نیزوں پر چڑھ کے آواز دے رہا ہے۔ بالآخر اہل بیت کے ناخدا، کعبہ کے پاسبان، نانا جان کی شریعت کے محافظ، حضرت امام رضی اللہ عنہ سر پر کفن باندھ کر لشکر اعداء کے سامنے کھڑے ہو گئے۔ اس ساری داستان میں یہی وہ مقام ہے جہاں انسان کا کلیجہ شق ہو جاتا ہے۔ بلکہ پتھروں کا جگر بھی پانی ہو کر بہنے لگتا ہے۔ تین دن کا بھوکا پیاسا مسافر سارا کنبہ لٹا کر تن تنہا بائیس ہزار تلواروں کے نرغے میں ہے اور دشمنوں کی خون ریز یلغار چاروں طرف سے بڑھتی چلی آ رہی ہے۔ آقا حسین رضی اللہ عنہ اس حالت میں ایک آواز بلند کرتے ہیں

لَو کَانَ دِینُ مُحَمَّدٍ لَم یَستَقِم
اِلَّا بِقَتلِی یَا سُیُوفُ خُذُونِی

اگر حسین کے قتل کے سوا نانے کا دین قائم نہیں ہو سکتا تو حسین اعلان کرتا ہے۔ تلوارو آ جاؤ۔۔۔۔ تیرو آ جاؤ۔۔۔ نیزو آ جاؤ۔۔۔ حسین کے جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کر دو۔۔۔ آج حسین اپنے جسم کے ٹکڑے کرا کے نانے کے دین کو قائم کرنے آیا ہے۔

دیکھنے والی آنکھیں اپنے میر کشور کو، اپنے مرکز امید کو، اپنے پیارے حسین (رضی اللہ عنہ) کو حسرت بھری نگاہوں سے دیکھ رہی تھیں کہ ایک نشانے پر ہزاروں تیر چلے۔ تلواریں بے نیام ہوئیں۔ فضا میں نیزوں کی انی چمکی اور دیکھتے ہی دیکھتے حضرت فاطمہ (رضی اللہ عنہا) کا راج دلارا زخموں سے چور، خون میں شرابور فرش زمین پر آ گرا اور گیتی کی ساری فضا غم و اندوہ سے بھر گئی۔

تذکرہ سبط ابن الجوزی کے مطابق آپ کے جسم مقدس پر تینتیس (۳۳) زخم نیزوں کے اور چالیس (۴۰) زخم تلوار کے جبکہ آپ کے
..راہن شریف میں ایک سو اکیس (۱۲۱) سوراخ تیروں کے تھے۔

تاہم تاریخ کی روایات میں اضطراب ہے۔

حضرت امام رضا رضی اللہ عنہ کا ایک قول ہے۔ کسی نے امام رضا سے پوچھا کہ تمہارے دادا حسین رضی اللہ عنہ کو میدان کربلا میں کتنے زخم
..آئے تھے؟ تو امام رضا رو پڑے۔۔۔ فرمایا نہ پوچھو۔

اس نے مجبور کیا۔۔۔ روتے روتے آپ کی زبان سے نکلا۔۔۔ جتنے قرآن کے حرف ہیں۔

اسی طرح کسی نے حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ سے پوچھا تھا کہ آپ کے دادا جان کو گھوڑے کی زین سے فرش زمین تک آتے کتنا
..قت لگا تو آپ نے فرمایا۔ تِسْعَ دَقِيْقَةً ۔۔ ۹ منٹ

پوچھنے والے نے کہا کہ۔۔۔ گھوڑے سے زمین پر آتے ۹ منٹ کیسے لگے حالانکہ ایک منٹ بھی نہیں لگتا۔ تو امام صاحب رو پڑے، فرمانے
..لگے۔ سلام ہو اس شہید پر۔۔۔ جس کا جسم ۹ منٹ تک نہ گھوڑے کی زین پر تھا۔۔۔ نہ فرش زمین پر۔۔۔ ۹ منٹ تک برچھیوں اور نیزوں پر معلق رہا۔
..ادھر والے ادھر پھینکتے۔۔۔ ادھر والے ادھر پھینکتے۔ ابن سعد کے حکم پر یزیدی فوج کے دس نابکاروں نے سیدہ کے لخت جگر کی نعش کو گھوڑوں کی ٹاپوں
..سے روند ڈالا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ

خاندان رسالت علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے باقی ماندہ افراد کو قیدی بنا لیا گیا۔ شہیدوں کے سر نیزوں پر چڑھا لئے گئے اور کوفے کے کوچہ
..بازار میں ان قیدیوں اور شہیدوں کے سروں کا جلوس نکالا گیا۔ سروں کی تفصیل بھی سن لیجئے۔

بیس خاندان بنی ہاشم کے علاوہ تیرہ سر بنو کندہ کے، بیس سر بنو ہوازن کے، سترہ بنی تمیم کے، سولہ سر بنو اسد کے اور سات سر بنو مذحج کے۔

تاریخ انسانی کے اس دردناک ترین واقعے کو صدیاں گزرنے کے بعد بھی اس کا اثر یہ ہے کہ اپنے ہی نہیں پرائے بھی اسے سنتے ہی (دیکھ کر
..نہیں) اشکبار ہو جاتے ہیں۔ اور پھر جس جس میں درد کا، انسانیت کا، غمخواری وغمگساری کا اور سوز وگداز کا جتنا خزانہ ہے، وہ اتنا ہی اور بھی غمزدہ ہو جاتا ہے۔

حضرت خواجہ نظام الدین اولیا قدس سرہ کی روایت کے مطابق شیخ الاسلام والمسلمین حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رضی اللہ عنہ نے
..محرم کے پہلے عشرہ کے فضائل بیان کرتے ہوئے فرمایا (فارسی عبارت کا اردو ترجمہ)

"اس عشرے میں کسی اور کام میں مشغول نہیں ہونا چاہئے سوا طاعت، تلاوت، دعا و نماز وغیرہ کے۔ اس لئے کہ اس (عشرے) میں قہر
..بھی ہوا ہے اور بہت رحمت الٰہی بھی نازل ہوئی ہے۔ بعد ازاں فرمایا کہ تجھے معلوم نہیں کہ اس عشرے میں حضور سرور عالم ﷺ پر کیا گزری؟ اور
..آپ ﷺ کے فرزندوں کو کس طرح بے رحمی سے شہید کیا گیا۔ بعض پیاس کی حالت میں شہید ہوئے کہ بدبختوں نے ان اللہ کے پیاروں کو پانی کا ایک
..قطرہ تک نہ دیا۔ جب شیخ الاسلام نے یہ بات فرمائی تو ایک نعرہ مار کر بے ہوش ہو کر گر پڑے، جب ہوش میں آئے تو فرمایا، کیسے سنگدل، کافر، بے
..توفیق، بے سعادت اور نامہربان تھے حالانکہ انہیں خوب معلوم تھا کہ یہ دین و دنیا اور آخرت کے بادشاہ ﷺ کے فرزند ہیں۔ پھر بھی انہیں بڑی بے
..دردی سے شہید کیا اور انہیں یہ خیال نہ آیا کہ کل قیامت کے دن حضرت خواجہ عالم ﷺ کو کیا منہ دکھائیں گے۔ (راحت القلوب، شام کربلا)

دس محرم ۶۱ھ کو جب یہ واقعہ پیش آیا خود سرور عالم ﷺ کے دل پر کیا گزری تھی آئیے اس کا کچھ حال جانیں

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم راوی ہیں

''میں نے ایک روز دوپہر کے وقت خواب میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ کے بال مبارک بکھرے ہوئے اور گرد آلود ہیں۔ دست مبارک میں خون بھرا شیشہ (یا شیشی) ہے۔ میں نے عرض کی، میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، یہ کیا ہے (مَا هٰذَا) فرمایا یہ حسین اور اس کے ساتھیوں کا خون ہے، میں اسے آج صبح سے اٹھا رہا ہوں۔ (هٰذَا دَمُ الْحُسَيْنِ وَاَصْحَابِهٖ لَمْ اَزَلْ اَلْتَقِطُهٗ مُنْذُ الْيَوْمِ) ابن عباس فرماتے ہیں۔ میں نے اس وقت کو اور تاریخ کو یاد رکھا۔ جب خبر آئی تو معلوم ہوا (حضرت) حسین (رضی اللہ عنہ) اسی وقت شہید کئے گئے تھے'' (بیہقی۔ احمد۔ مشکوۃ)

حضرت سلمیٰ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی تو وہ رو رہی تھیں۔ میں نے کہا، آپ کیوں رو رہی ہیں؟ فرمایا 'میں نے رسول اللہ ﷺ کو خواب میں روتے ہوئے دیکھا ہے۔ اور آپ کے سر مبارک اور ریش اقدس پر گرد و غبار ہے۔ میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ (ﷺ) یہ کیا حال ہے؟ (مَا لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ) فرمایا میں ابھی حسین کی شہادت گاہ پر گیا تھا (شَهِدْتُ قَتْلَ الْحُسَيْنِ اٰنِفًا) (المستدرک۔ مشکوۃ)

ذرا اندازہ فرمایئے! جب سید الصابرین بلکہ قاسم صبر و رضا ﷺ کا یہ حال ہے تو کون سنگدل ہے، جو ذکر شہادت حسین رضی اللہ عنہ آنکھوں کی برسات کے بغیر پڑھ سکے یا لکھ سکے یا سنا سکے یا سن سکے۔

۱۰ محرم الحرام آ رہا ہے، شہید دشت کرب و بلا جلوہ گر، اسوہ حسنہ سید الشہداء سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی بارگاہ دین پناہ میں عقیدت و محبت کے نذرانے پیش کرنے کیلئے جا بجا محافل منعقد ہو رہی ہیں۔ آپ نے اپنے اور اپنے اصحاب و اعوان کے خون سے جس طرح گلشن اسلام کی آبیاری فرمائی۔ اس کے تذکرے ہو رہے ہیں۔ علی اکبر و علی اصغر کی جوان و معصوم جان نثاری، قاسم و عباس کی بے نظیر جرات، عون و محمد کی قابل تقلید وفا، ابوبکر و عمر و عثمان [1] کی استقامت کے حق و صداقت پر مبنی قصے بیان کئے جا رہے ہیں۔ اس بے مثل قربانی و یکتا شہادت کے تذکار سے زمین و آسمان گونج رہے ہیں۔ ریڈیو اور ٹیلیویژن پر مناقب و مراثی اور اخبارات و جرائد میں مضامین، مقالات غرض

'کان جدھر لگایئے ان کی ہی داستان ہے'

پھر ۱۰ محرم کو حاکمان وقت اور زعماء ملت بہترین پیغامات کی میڈیا۔ ۔ ذریعے نشر و اشاعت کرتے ہیں۔ ۔ ۔ محسوس ہوتا ہے کہ آسمان کے نیچے اور زمین کے اوپر ایک فرد بھی نہیں جو نواسہ رسول ﷺ کی محبت سے خالی اور عقیدت سے محروم ہے۔ سب کے سب اسی محبوب محبوب خدا علیہ التحیۃ والثناء کے شیدائی اور ان کے نقطہ نظر کے فدائی ہیں۔ کاش حقیقتہً ایسا ہوتا اور اگر ایسا ہوتا تو ایسا نہ ہوتا جیسا ہو رہا ہے۔ قول کے اعتبار سے واقعی سب محبان حسین ہیں اور فعل کے اعتبار سے ان میں ایک بھی محب حسین نہیں۔ گفتار کے آئینے میں سب یزید کے دشمن ہیں اور کردار کے پیمانے پر سب یزید کے 'اسوہ فاسقہ' کے تابع ہیں۔ ظاہر و باطن کے اس تضاد نے ہمارے رگ و ریشہ میں منافقت کوٹ کوٹ کر بھر دی ہے۔

---

1 : شہدائے کربلا میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے تین صاحبزادے بھی شامل تھے جن کے اسماء ابوبکر و عمر و عثمان ہیں اور امام عالیمقام رضی اللہ عنہ کے تین صاحبزادے بھی جن کے یہی مبارک نام ہیں

آیئے ہم اپنے گریبان میں منہ ڈال کر ٹھنڈے دل سے سوچیں، کیا ہمارا حسینیت سے ذرہ بھر بھی کوئی تعلق ہے؟ اگر جواب نفی میں ہے تو فرمایئے کیا صرف جلسہ وجلوس کے اہتمامات کر کے ہم اپنے فرضِ محبت سے عہدہ برآ ہو سکتے ہیں۔ آیئے ہم اس عظیم واقعہ شہادت وقربانی کی عظمت ورفعت کا سچے دل سے اقرار کریں اور جہاں تک ہو سکے اسے اپنی کتابِ عمل کا عنوان بنائیں۔ ہم خدا ورسول اور نواسہ رسول کی مقدس ارواح کو خوش کرنے کیلئے اپنے آپ کو بدلنے کی کوشش کریں۔ اپنے اندر سے یزیدیت ومنافقت کی سنڈ اس کو باہر نکال پھینکیں اور اقلیم جاں سے یزید کو ملک بدر کر کے اسے 'حسین آباد' بنادیں۔ ہاں ہاں اب وقت کی یہی آواز ہے' حالات کا یہی تقاضا ہے اور قومی مسائل کا یہی حل ہے۔ ہماری غفلت، بے حسی اور لاپرواہی نے ہمیں اقوام عالم میں ذلیل کر کے رکھ دیا ہے۔ خوف غیر اللہ نے ہمارے قلوب وضمائر کو مردہ کر دیا۔ ہم احکم الحاکمین، رب کائنات کی بندگی سے بے پرواہ ہو کر دنیاوی بڑی طاقتوں کے کرسی نشینوں کی 'بندگی' کی دلدل میں دھنس چکے ہیں۔

۱۰ محرم کا یہ عظیم الشان دن اپنے رب کے نام پر اپنا سب کچھ لٹا دینے کا سبق دیتا ہے۔ یہ باطل سے صلح پر نہیں جنگ پر آمادہ کرتا ہے۔ یہ شیطنت اور یزیدیت سے ٹکرا جانے کا پیغام دیتا ہے۔ یہ وقت کے دھاروں میں بہہ جانے کا نہیں ان کو بدل دینے کا عزم وولولہ پیدا کرتا ہے۔ یہ اللہ کے حضور جھک جانے اور محبوب کائنات ﷺ کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنے کو معراجِ حیات بتاتا ہے۔

انصاف کیجئے! اور اگر ضمیر میں کوئی رمق باقی ہے تو اس سے پوچھ کر بتایئے! ہم جس طرح ۱۰ محرم کا دن مناتے ہیں۔ کیا اس کا اس کے حقیقی تقاضوں سے کوئی تعلق ہے؟

ہمارے صدر بے قدر دیکھئے گا ۱۰ محرم کو کتنا 'شاندار' پیغام دیں گے مگر خود ان کی پالیسی اس پیغام کے مطابق ہے؟ وہ اور ان کا حکمران ٹولہ اہل اسلام کو کسی 'انتہا پسندی' نامی شے سے بچنے کی تکرار لگائے رکھتا ہے۔ اور اپنی تقاریر اور بیانات میں بار بار یہ فقرہ دہراتا ہے کہ "علما کو چاہئے کہ وہ اسلام کی 'اصل تصویر' لوگوں کے سامنے پیش کریں"' کیا کبھی یہ خود علماء کی محافل میں گئے ہیں یا انہوں نے خود اسلام کا مطالعہ کیا ہے، جو انہیں اسلام کی اصل تصویر کا علم ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ اصل اسلام کا نام انہوں نے 'انتہا پسندی'' رکھ دیا ہے اور اپنے مطلوب، مجروح وناقص، بدشکل اور بے ڈھنگے افکار کا نام انہوں نے 'اسلام' رکھ لیا ہے۔

پھر پاکستان کے یہ حکمران اس بات کا جواب دیں کہ وطن عزیز میں بے حیائی وفحاشی کا جو سیلاب امڈا چلا آتا ہے اور میڈیا جس طرح بے لگام ہو چکا ہے، اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے؟ پاکستانی قوم کو حیا اور یوں ایمان سے دور کرنے کی مساعی ناپاک عروج پر ہیں۔ رقص وسرور کی محافل میں ہمارے وزراء وحکام خود شرکت کرتے بلکہ اس کی سرپرستی کرتے ہیں، کیا یہ (نعوذ باللہ) 'اصل اسلام' ہے۔ انہوں نے امام پاک کی سیرت سے کیا سبق حاصل کیا۔ کیا بے حیائی کے کاموں کا مرتکب ہونا اور ناچ گانے کا دلدادہ ہونا یزید کی روش نہیں؟ غلام بنیں امام پاک کے اور پورے "خلوص" سے یزید کی اتباع کریں، اس سے زیادہ دوغلا پن کیا ہوگا۔

جہاں تک حزبِ مخالف کا تعلق ہے، سچی بات یہ ہے کہ ان میں بھی ایسے لوگوں کی کمی نہیں جنہیں اسلام کا ذرا پاس ہے نہ اللہ ورسول (جل وعلا وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی کوئی شرم ہے۔ 'ق لیگ' وہ بدبخت جماعت ہے جس کے سیاہ نامہ اعمال میں مساجد کی شہادت اور فحاشی کی اشاعت جیسے مکروہ اعمال درج ہیں۔ فضل الرحمن کو پاکستان سے نفرت وراثت میں ملی ہے۔ جماعت اسلامی کو اگر اسلام سے دلچسپی ہوتی تو فرمایئے اتنا

لمبا عرصہ لاہور کا ناظم رہنے والا عامر محمود کون ہے؟ اور لاہور کی سڑکوں پر بڑے بڑے بورڈ جو مرد وزن کی فحش حرکتوں سے بھری ہوئی تصویریں اٹھائے کھڑے ہیں کس کی ذمہ داری ہے۔ مسلم لیگ (ن) ان سے بہتر کی کمران میں بھی دین وحق کے پروانے یعنی اسوۂ حسینی پر عمل پیرا کتنے ہیں۔

ہمارا لیڈر بس یہ سمجھتا ہے کہ اگر حکومت قبضے میں ہے تو من مانی کرو اور اتنا بنک بیلنس اکٹھا کرو جو نسلوں تک کام آئے۔ اور اگر حکومت سے باہر ہو تو سڑکوں پر ناچ کود کر اور حکومت کے خلاف نعرے لگا کر اپنے نمبر بناؤ۔ وہی حال جو حکیم الامت نے فرمایا تھا

نہ سلیقہ مجھ میں کلیم کا، نہ قرینہ تجھ میں خلیل کا   میں ہلاک جادوئے سامری تو قتیل شیوۂ آذری

اور پھر فرمایا!

گلہ جفائے وفا نما جو حرم کو اہل حرم سے ہے   کسی بتکدے میں بیاں کروں تو کہے صنم بھی ہری ہری

سیاستدانوں سے ہٹ کر دیکھئے، (معذرت کے ساتھ) ہمارے علماء ومشائخ، ان پر قوم کو بیدار کرنے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے مگر ان کی غالب اکثریت خود محو خواب ہے۔ (یہی وجہ ہے کہ ایک دور وہ تھا جب یہ علماء ومشائخ حکومت وقت پر حاوی ہوتے تھے اور ان کے رائے اور مشورے کو حرف آخر سمجھا جاتا تھا۔ جبکہ آج انہیں کو حکومتیں زیر عتاب لا رہی ہیں اور ملامت کرنے کا کوئی نہ کوئی انداز اختیار کئے رکھتی ہیں)

قوم کا احساس رکھنے والے، ملت کی زبوں حالی پہ دن رات کڑھنے والے کتنے ہیں۔ ان میں چند درد دل رکھنے والے بزرگ ہی حکمرانوں کو کچھ سمجھاتے تو کچھ نہ کچھ صالح تبدیلی آہی جاتی۔ مگر ایسے لوگ اب کہاں رہ گئے ہیں۔ جو مذہبی لیڈر جس سیاسی جماعت میں ہے، اس کے لیڈر کی ہر جائز و ناجائز کی تاویل کر رہا ہے۔ تبدیلی آئے تو کیسے آئے۔

سب سے حیرت انگیز اور افسوس ناک اس قوم کا "طرز وفا" ہے جو خود کو امام عالی مقام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی محبت کی اجارہ دار سمجھتی ہے۔ اس کا حال یہ ہے کہ اس نے کربلا سے سبق لیا تو سینہ کوبی کا۔ انہیں اس بات کی کچھ سمجھ نہ آئی کہ امام پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو صبر و استقلال کا چرخ بریں تھے، غیرت وحمیت کا گنجینہ گوہر تھے۔ انہوں نے اہل بیت کو بھی جو وصیت فرمائی تھی وہ 'ماتم' کی نہیں تھی بلکہ ماتم نہ کرنے کی تھی۔ تین دن بھوکے پیاسے رہ کر بھی اہل بیت نے تیروں کی بارش میں جرات واستقامت کی عظیم مثال قائم کی، مگر 'ماتمی' لوگوں نے 'پیٹنا' سیکھا۔ تلواروں کے سائے تلے انہوں نے حق گوئی کا ایسا ریکارڈ قائم کر دیا جسے ان کے بعد کوئی توڑنا تو کیا، اس حد تک پہنچنا بھی ناممکن ٹھہر گیا، مگر ان 'ماتمیوں' نے ایسے اعلیٰ و افضل جہاد سے 'تقیہ' سیکھا۔ اہل بیت کی طہارت کی گواہی خود قرآن پاک   تی دنیا تک دیتا رہے گا، مگر عقیدت   مندوں نے اس طہارت کے بحر ذخار سے ایک بوند بھی حاصل نہ کی اور الٹا 'حد حد' کا ورد کرتے کرتے 'آپ اپنی حد ہوئی'

کہتا ہوں وہی بات سمجھتا ہوں جسے حق

ہمیں دیوبند اور اہلحدیث کہلوانے والے ان علماء کی عقل اور علم پر بھی حیرت اور دکھ ہے جنہیں امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حقانیت کا انکار ہے اور آپ اور آپ کے رفقاء کی بے مثال قربانیاں انہیں حکومت کے حصول کی لڑائیاں نظر آتی ہیں۔ سورج سے زیادہ چمکتی امام عالی مقام کی شہادت ان کے نزدیک 'شہادت' نہیں۔ جبکہ یزید پلید جیسے بدبخت کو امیر المومنین قرار دیتے ہیں۔ آہ

دل نہ آئے تو گل ولالہ کی رنگینی بھی ہیچ   اور آجائے تو کانٹوں سے بہل جاتا ہے دل

مثلاً وہابیہ کے مشہور مولوی عبدالعظیم حیدری نے لکھا:

"(حضرت) امام حسین اور یزید کا مقابلہ دو سیاسی حریفوں کا مقابلہ تھا جو حکومت و ریاست کی غرض سے ہوئے"۔ (اہلحدیث امرتسر ص ۱۰، ۲۲ تمبر و کم اکتوبر ۱۹۰۹)

اسی طرح مولوی ثناء اللہ امرتسری نے ایک کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ:

"اردو میں یہ پہلی کتاب ہے جس میں نہایت وضاحت سے ثابت کیا گیا ہے کہ واقعہ کربلا مذہبی نہ تھا بلکہ یہ جنگ محض سیاسی مصلحت کی خاطر لڑی گئی۔ علماء کرام کی تصریحات بھی کتاب کے آخر میں درج ہیں۔ ہر خوبی سے یہ کتاب قابل مطالعہ ہے بلکہ نشر و اشاعت ضروری ہے"۔ (اہلحدیث امرتسر ص ۱۱، کم جنوری ۱۹۴۰)

ملاحظہ فرمایئے! ایک ایک حرف بغض آل رسول کا آئینہ دار ہے۔ ان علمائے وہابیہ و دیوبند کی اور بھی بہت سی کتابیں منظر عام پر آئیں جن میں بغض آل رسول اور محبت یزید کے نہایت مکروہ دروس دیئے گئے ہیں۔ مثلاً محمود احمد عباسی کی "تبصرہ محمودی بر حضوات مودودی" اور "خلافت معاویہ و یزید"۔ ابو یزید محمد دین بٹ کی "خلافت رشید ابن رشید"۔ ابوشتیق محمد امین کی "خادم کی معارف یزید" اور اس کے علاوہ "مذہب اور سیاست" جیسی کتابیں اسی غلیظ سلسلے کی کڑیاں ہیں۔

ان تمام کو جواب محبان رسول و آل رسول علماء اہلسنت نے دیا اور خوب دیا۔ قرآن و حدیث سے دلائل کے انبار لگا دیئے جن میں امام عالی مقام کی حقانیت اور یزید کے فاسق و فاجر نیز خلافت کا نا اہل ہونے پر مہر ثبت ہوتی ہے۔ بالخصوص سیدی وسندی، حضور مظہر اسلام اعلیحضرت پروفیسر محمد حسین آسی رحمۃ اللہ علیہ کی "امام حسین رضی اللہ عنہ کی حقانیت" اس موضوع پر لکھی جانے والی لازوال و بے مثال کتاب ہے۔ ہاں ہاں! جنہیں آقائے دو جہاں ﷺ کا کلمہ پڑھنے کا احساس ہے، جن کے دل و دماغ ان کی محبت و الفت کے نشے سے مخمور ہیں وہ حق محبت وفائی یوں ہی ادا کرتے ہیں کہ

خوف خدا، شرم نبی   یہ بھی نہیں، وہ بھی نہیں

ان کی شامت اعمال انہیں خدا، رسول، قرآن غرضیکہ سب سے لاتعلق کر دیتی ہے۔ ایمان میں ان کا کوئی حصہ نہیں ہوتا چنانچہ حقیقت کو سمجھنے کی صلاحیت سے کوسوں دور ہوتے ہیں۔ اور ساری عمر جہالت و بے دینی کے اندھے گڑھوں میں پھنسے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ موت انہیں آ دبوچتی ہے اور پھر عبرت ناک عذاب ان کا مقدر بنتا ہے۔

ان کے پیاروں سے پیار اور ان کے دشمنوں سے جنگ کا اعلان کرتے ہیں۔ اور جن کی یہ صورتحال ہے کہ

ا: ماتم سے مراد اگر یہ ہو کر کسی عزیز جاں کے لئے آنکھوں سے آنسوؤں کا نکل آنا، کسی محبوب کی یاد میں غمگین ہو جانا تو یہ اسلام میں بالکل جائز ہے۔ لیکن ماتم سے مراد اگر یہ ہو کہ واویلا کیا جائے، بال نوچے جائیں، اپنی رانیں پیٹی جائیں، سر پر خاک ڈالی جائے، منہ پیٹا جائے، گریبان چاک کیا جائے تو یہ افعال اسلام کی آفاقی تعلیمات کے خلاف ہیں، ارشاد مصطفیٰ ﷺ ہے: "اگر نوحہ (یا ماتم) کرنے والے مرنے سے پہلے توبہ نہ کریں تو انہیں قیامت کے دن گندھک اور خارش کا لباس پہنایا جائے گا"۔ (مسلم، کتاب الجنائز)

مروجہ ماتم کے بانی اہل بیت اطہار نہیں، یزیدی فوج ہیں۔ شیعہ عالم شیخ عباس قمی نے لکھا ہے: "جب مستورات اہل بیت اس لعین یزید کے محل میں داخل ہوئیں تو آل سفیان کی عورتوں نے اپنے زیورات اتار لئے، ماتمی لباس پہن لیا اور نوحہ گریہ کی آواز بلند کی۔ وسہ روزہ ماتم داشتند ۔ اور تین روز تک ماتم کیا"۔ (منتہی الامال جلد اص ۵۵) ماتم کے دوران پہنے جانے والے کالے رنگ کے لباس کی مذمت پر اہل تشیع کی کتب میں بھی موجود ہے، مثلاً علل الشرائع (باب ۵۶ ص ۳۴۷) میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فرمان درج ہے۔ لاتلبسو السواد فانہ لباس فرعون۔ کالا لباس نہ پہنو یہ فرعون کا لباس ہے۔

یاد رکھیں کہ امام عالی مقام کی شہادت کی عظمت پہ وہ تبصرے ... ہیں ... غیر مسلم ... شخصیات بھی ... کئے بغیر نہ رہ سکیں۔ مثلاً مسٹر جے آر راس (ایک ...) لکھتے ہیں:

"میری زندگی کا بیشتر حصہ تاریخ کے مطالعے میں گزرا ہے مگر جو شخص ... مجھے تاریخ اسلام کے اس باب میں جو حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اور کربلا کے متعلق ہے وہ کہیں نہیں ملی۔ مسلمانوں کے پاک نبی (ﷺ) کے وصال کے بعد ان کے نواسے نے جو عظیم الشان کارنامہ سرانجام دیا وہ اسلامی تعلیم کی صداقت اور حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی عظمت کی بڑی دلیل ہے۔ انہوں نے جو کچھ کیا خدا کے لیے کیا ... تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ ان سے پہلے اور ان کے بعد تمام شہیدوں میں ان سے بڑھ کر کوئی نہیں گزرا۔"

کیپٹن ایل ایچ بیٹ نے لکھا:

"حسین نے جام شہادت پی کر اسلام کو ہستی سے محو ہونے سے بچا لیا"

یہ ہے حقیقت جس کو غیر مسلم تو سمجھ گئے لیکن اسلام کا ... دعوے ... مذہبی بہروپئے نہ سمجھ سکے۔ ... پرشوتم داس ٹنڈن سابق سپیکر یوپی اسمبلی، فراق گورکھپوری (ہندو شاعر)، پنڈت گوپی ناتھ امن، ویر جگر ناتھ، پنڈت چندر کا پرشاد ... کنور (پیشوائے اعظم فرقہ پارسی)، ... سنگھ بیدی اور بے تعداد غیر مسلم شہادت حسین کی عظمت کے معترف نظر آتے ہیں ... حقانیت حسین رضی اللہ عنہ ان کی آنکھوں پر پڑی ... ہندو کی ... سوچ ... مظلوم ... ہمیں ... گی۔

بہرحال اگر ہمیں ... شہنشاہ ... رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قربانی کے مقصد کا عملی ثبوت دیکھنا ہے ... ہیں ... آج بھی ہماری سوچ اگر یزید ... ہے ... سوچ کے تابع ہے تو سوچئے ... کس گروہ میں شامل کیا جائے گا

آخر میں ہمیں ... ہم وطنوں سے صرف اتنا کہنا ہے کہ ... اپنے رویے کا جائزہ لیں اور دیکھیں ... کردار پر بھی ... آخر ... کیوں ہوگیا ہے کہ ... دردناک واقعہ کا بھی ... پر کوئی اثر نہیں ہوتا ... تو ... کس ... جس کا آج امریکہ، اسرائیل برطانیہ اور بھارت اپنی ... استعداد کے مطابق یزید کا کردار ادا کر رہے ہیں ... ایمان کے سب سے بڑے دشمن اور اسلام کے خون کے پیاسے ہیں اور ... جنگ ہم پر مسلط کرنا چاہتے ہیں۔ آئیے ... محرم ... حضرت سید الشہداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیروی کا عزم کریں۔ امام حسین رضی اللہ عنہ کی سیرت ... باطل سے ... کا سبق یاد کریں ... غیر خدا کو ... نکال پھینکیں ... لئے امیر الشہداء کی بارگاہ میں ہی فریاد کریں۔ اسلئے کہ

غیرت وہمت ہے جس میں ... کے طفیل سے
غیرت وہمت کا ہے گنجینہ گوہر حسین رضی اللہ عنہ

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو (آمین بجاہ نبی الکریم الامین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم)

☆☆☆

اتحادِ ملت کی ضرورت و صورت

قسط: 21

(بقلم: محمد حسین ...)

حضور پر نور شافع یوم النشور ﷺ سے وفا کرنے پر بے شمار انعامات ... کی غلامی سے خدا کا بندہ درویش سارے جہاں کا حکم ران ہو جاتا ہے اس کے نعرۂ تکبیر کی آگ ... رسول اللہ کو جلا کر رکھ دیتی ہے اور اس کی تدبیر اللہ کی تقدیر کی مظہر بن جاتی ہے چنانچہ وہ اس دنیا کا ہی حکم ران نہیں بنتا لوح و قلم کا رازدار بھی بن جاتا ہے۔

... دور حاضر کے ... پسند ... جو حضرات ... سے یہاں تک ... حضور ﷺ کی تدبیر کو بھی تقدیر کا مظہر نہیں کہتے ... حضور ﷺ ... کا علم تھا ... اگر علم تھا تو ... نثر میں بھی اس کا اظہار کیا۔

حقیقت یہی ہے کہ جیسے ... عظمت کا ... کا ایک طریقہ یہ بھی دیکھا کہ اپنے ... کو جو اگرچہ کتنے ... کا حامل ... سے ... پہلے ... اسلام حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ ... ان کی عظمت ... کے ... نظریات و خیالات سے ... کی پیروی کی مگر ہو گیا؟ وہ لوگ جن کے نزدیک شاہ صاحب علیہ الرحمہ کے عقائد مشرکانہ تھے ... عقائد کو تو مشرکانہ ... مگر شاہ صاحب کو مشرک کہنے کی بجائے اپنے عقائد ان سے منسوب کر دیے۔

چنانچہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ کے نام پر ... اکیڈمیوں ... لکھے گئے، کتابوں پر کتابیں تصنیف کی گئیں اور قریباً ڈیڑھ سو سال تک بہت سے "محقق" ... "تحقیق" دیتے رہے ... شاہ صاحب کی اصل تصنیف کو صفحۂ ہستی سے ناپید کر دیا جاتا تاکہ ... لوگوں کے فریب کی قلعی کھل نہ سکتی ... کتابیں ان کے نام سے بھی لکھ دیں مگر پھر بھی

تاڑنے والے قیامت کی نظر رکھتے ہیں

کے مصداق یہ چوری بھی پکڑی گئی ... شاہ صاحب کے نام پر پی ایچ ڈی کرنے کرانے ... یونیورسٹیوں اور کالجوں کے ... معراب ... کے ... مولویوں اور ... سے پوچھ کر دیکھئے ... شاہ صاحب ... کتنی پر فریب ہے۔

بھلا ہو عزیز محترم جناب صوفی محمد صدیق ... کا جنھوں نے میرے عرض کرنے پر شاہ صاحب ... کا ... شاہ ولی اللہ ...

ونظریات" کے نام سے وقیع و ضخیم کتاب لکھ کر ایک عظیم مظلوم کو ظلم سے نجات دلا دی۔ یقیناً حضرت حکیم الامت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قبر میں فرما رہے ہوں گے مرزا فرحت اللہ بیگ کی زبان میں "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" تو اللہ کی رحمت نے اپنے نیک بندے کے ذریعے ایک بہت ہی نیک بندے کی دستگیری فرمائی۔ سبحان اللہ! کاش ایک اور بندہ بھی میدان میں آتے اور علامہ اقبال کے اصل افکار و نظریات کو ان کے ان شکاریوں سے بچاتے۔ (یہ عجیب اتفاق ہے کہ حضرت شاہ صاحب علیہ الرحمۃ کو بھی حکیم الامت کہا گیا تو پھر دور حاضر میں حضرت اقبال کو بھی، اور یہ دوسرا عجیب اتفاق ہے کہ دونوں "حکیم الامتوں" کو "سقیم الامتوں" نے تحریف کی جرأت مندانہ کوشش کی)

آپ نے اس تحریر کی ابتدا میں دیکھا حضرت اقبال حضور پرنور ﷺ کی بارگاہ بیکس پناہ میں فریاد کر رہے ہیں اور وہ اس بارگاہ میں بار بار فریاد کرنے کے عادی ہیں (جیسا کہ پہلے حکیم الامت حضرت شاہ ولی محدث دہلوی قدس سرہ کی بھی عادت تھی) اب اگر اقبال کے اردو فارسی کلام پر طائرانہ نظر بھی ڈال دی جائے تو اس بیان کی بار بار تصدیق ہوگی۔ مسئلہ اجتماعی نوعیت کا ہو یا انفرادی نوعیت کا وہ اسے حضور رحمۃ للعالمین ﷺ کی بارگاہ ہی میں پیش کرتے ہیں (یہی روش حضور پرنور ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور پھر تابعین و کاملین کی تھی) مثلاً انہیں یہ دکھ ہے کہ دور حاضر کے مسلمان اسلامی قومیت سے ہٹ کر علاقائی قومیت کی طرف جھک رہے ہیں تو اس کی فریاد بھی اسی آقا و مولا علیہ التحیۃ والثناء کے دربار دربار میں آ کر کرتے ہیں، جسے اس کے خالق و مالک اللہ نے رحمۃ للعالمین یعنی کائنات کا سب سے بڑا فریاد رس بنایا ہے۔ یہ فریاد قطعے کی شکل میں ہے، اسی بانگ درا میں ہے جو ان کے شعر اردو کا اولین مجموعہ ہے۔ اشعار یوں ہوتا ہے

کل ایک شوریدہ بارگاہ نبی میں رو رو کے کہہ رہا تھا

یہ مصر و ہندوستان کے مسلم بنائے ملت مٹا رہے ہیں

پھر اس کے راہنماؤں سے بیزاری کا اعلان کرتے، بارگاہ نبوت سے اپنی وابستگی کا اظہار یوں کرتے ہیں۔

یہ زائران حریم مغرب ہزار رہبر بنیں ہمارے

ہمیں بھلا ان سے واسطہ کیا، جو تجھ سے ناآشنا رہے ہیں

آگے جانے سے پہلے بتایئے کیا حضرت مودودی کے نزدیک اقبال کا یہ انداز عارفانہ نہیں، کیا ایمان و توحید کے مطابق تھا؟ کیا انہوں نے تجدید واحیائے دین میں اور اپنی بعض دوسری تصانیف میں اسے شرک قرار نہیں دیا۔ اب فیصلہ کیجئے دو شخصوں میں سے ایک کی بات کو توحید و ایمان کہتا ہے اور دوسرا "شرک و کفر" تو کیا یہ "اسلام و کفر" کا فرق ہے یا یہ بالکل فروعی اختلاف ہے۔ کچھ ذرا تفصیل میں جایئے 'یا رسول اللہ' کا نعرہ مودودی صاحب کے نزدیک شرک ہے تو یہ نعرہ لگانے والا ان کی نظر میں مشرک ہوا۔ تو ظاہر ہے مودودی صاحب کے عقیدے کے مطابق حضرت حکیم الامت مشرک ہیں، ہم اس وقت یہ بحث نہیں کر رہے کہ کس کا عقیدہ یا موقف درست ہے، بات اختلاف کی ہو رہی ہے۔ مولانا مودودی نماز میں تو مجبوراً

السلام علیک ایہا النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہ

(یعنی یا رسول اللہ آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں)

کہہ لیتے ہوں گے مگر نماز سے باہر یہی جملہ یا اس کا مفہوم شرک ہو جاتا تھا۔ اس کے برعکس اقبال جلوت و خلوت میں حضور پرنور ﷺ سے تنہا فریاد کرنے کے عادی تھے اور بزرگان دین کی طرح ہمیشہ اس پکار بند رہے بلکہ اس سلسلے میں ان دو درد انگیز انداز، صوفیوں اور مولویوں کے لئے

بھی ... حضور ... ہیں ...

...

یارسول اللہ او پنہاں و تو پیدا ے من ا

پیام ذوق پیام مشرق میں ... ایک ... نظم ... تحریر کا عنوان ہے

عرض حال مصنف بحضور رحمۃ للعالمین ﷺ

یہ عرض حال فارسی مثنوی کے ... اشعار پر مشتمل ہے ... یوں ہے۔

اے ظہور تو شباب زندگی ۔۔۔ جلوہ ات تعبیر خواب زندگی

اے زمیں از بارگاہت ارجمند ۔۔۔ آسمان از بوسۂ بامت بلند

شش جہت روشن ز تاب روئے تو ۔۔۔ ترک و تاجیک و عرب ہندوئے تو

اس نظم کا چوبیسواں اور پچیسواں شعر ہے:

اے بصیری را ردا بخشندۂ ۔۔۔ بربط سلما مرا بخشندۂ

ذوق حق دہ ایں خطا اندیش را ۔۔۔ اینکہ نشناسد متاع خویش را

اسی طرح ان کی مثنوی "پس چہ باید کرد اے اقوام شرق" کی آخری نظم کا عنوان ہے

در حضور رسالتمآب ﷺ:

اس کے اشعار ... ان کا ... حضور ﷺ کے احسانات کا ... توحید کے ...

ان پر طور ... یں

اے تو ما بیچارگاں را ساز و برگ ۔۔۔ وا رہاں ایں قوم را از ترس مرگ

سوختی لات و منات کہنہ را ۔۔۔ تازہ کردی کائنات کہنہ را

در جہان ذکر و فکر انس و جاں ۔۔۔ تو صلوٰۃ صبح، تو بانگ اذاں

لذت سوز و سرور از لا الہ ۔۔۔ در شب اندیشہ نور از لا الہ

نے خدا ہا ساختیم از گاو و خر ۔۔۔ نے حضور کاہناں افگندہ سر

نے سجودے پیش معبودان پیر ۔۔۔ نے طواف کوشک سلطان و میر

ایں ہمہ از لطف بے پایان تست ۔۔۔ فکر ما پروردۂ احسان تست

ذکر تو سرمایۂ ذوق و سرور ۔۔۔ قوم را دارد بہ فقر اندر غیور

اس نظم میں آگے جا کر عرض کرتے ہیں (غور فرمائیں ان شعروں پر جو علامہ اقبال ... کو ہم آہنگ ظاہر کرتے ہیں)

گرد تو گردد حریم کائنات ۔۔۔ از تو خواہم یک نگاہ التفات

بہ پایاں فکر ... [illegible] ... وہ ... [illegible] ... تو
[illegible] ... بست اندر جہاں

اے پناہِ من حریمِ کوئے تو من باُمیدے رمیدم سوئے تو

[illegible] دعا کرتے ہیں (اور ... محبوب خدا ... تحیۃ الثناء ... رہے ہیں

ما پرستاران شب دارم سحر باز روغن در چراغِ من بریز
اے وجودِ تو جہاں را نوبہار پرتوِ خود را دریغ از من مدار
خود بدانی قدرِ تن از جاں بود قدرِ جاں از پرتوِ جاناں بود
تا ز غیر اللہ ندارم ہیچ امید یا مرا شمشیر گرداں یا کلید

یہ آخری شعر تو عجیب اور عظیم وظیفہ ہے ... عاشق رسول ﷺ ... کا لطف اٹھا سکتا ہے۔ اب آپ ... کی آخری ... کی طرف
اس کا ... سے حضور رسالت ﷺ ... جواں ... پہلے حضرت ... شعر درج کیا ہے

ادب گاہیست زیرِ آسماں از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید ایں جا

پھر حضرت ... قرآن کی ... رباعیات ہیں ... : رباعی میں حضور پرنور ﷺ کی بارگاہ میں فریاد و التجا کی گئی ہے۔ وہ لوگ جنہیں اللہ تعالیٰ نے محبوب اعظم ﷺ سے ... تعلق ہے۔ رقت قلب اور چشم نم کے بغیر انہیں پڑھ نہیں سکتے۔ یہ گویا حضرت حکیم الامت کی عمر بھر کی کمائی ہے۔ صرف چند رباعیات درج کی جا رہی ہیں۔

سلطان ... فقیر کج کلاہ ... [illegible] ... [illegible] ... اللہ ... ے

اگر ... [illegible] ... [illegible]

فقیرم از تو خواہم ہر چہ خواہم دلِ کوہے خراش از برگِ کاہم
مرا درسِ حکیماں دردِ سر داد کہ من پروردۂ فیضِ نگاہم

بدہ او را جوانِ پاکبازے سرورش از شرابِ خانہ سازے
قوی بازوئے او مانندِ حیدر رضی اللہ عنہ

جہاں از عشق و عشق از سینۂ تست سرورش از مئے دیرینۂ تست
جز ایں چیزے نمیدانم کہ جبریل کہ او یک جوہر از آئینۂ تست

کہا جاتا ہے کہ حضرت اقبال علیہ الرحمہ ساری عمر حضور پرنور ﷺ کو پکارتے رہے اور جو ضرورت محسوس ہوئی حضور سے مانگتے رہے۔ آپ نے اپنا اعتقاد یوں

فقیرم، از تو خواہم ہر چہ خواہم

یعنی یا رسول اللہ ﷺ میں تو فقیر ہوں (مجھے تو منگتا ہی کہتے ہیں)

اور جو کچھ مانگنا ہے آپ ہی سے مانگوں گا۔

یہی طرز التجا تھا چودھویں صدی کے مجدد اعلیٰحضرت بریلوی قدس سرہ کا، فرماتے ہیں

مانگیں گے، مانگے جائیں گے، منہ مانگی پائیں گے
سرکار میں نہ 'لا' ہے، نہ حاجت 'اگر' کی ہے

اسی مانگنے کو نجد و دیوبند کے مجنونوں نے شرک کہا اور یہی نظریہ شرک تھا حضرت مودودی کا۔ اس سلسلے میں حضرت اقبال نے 'پاکان امت' کا ساتھ دیا اور اللہ کے حبیب پاک ﷺ سے التجا و استغاثہ سے کبھی ہاتھ نہ اٹھایا۔ ان دونوں سوچوں میں بنیادی فرق ہے۔ جس نے صدق دل سے حضور ﷺ کو رحمۃ للعالمین ﷺ مانا اس نے مانگا اور جس نے نہ مانا اس نے نہیں مانگا۔

حق یہ ہے کہ مولانا مودودی کا حضرت اقبال سے اختلاف صرف مانگنے اور نہ مانگنے تک نہیں تھا بلکہ تصور نبوت ہی میں یہ دونوں حضرات مختلف تھے۔ مودودی صاحب کے 'تصور نبوت' کا اندازہ اسی مضمون کی گذشتہ قسطوں سے بخوبی کچھ ہو سکتا ہے۔ آئیے اب حضرت اقبال کے یہاں بارگاہ رسالت کی طرف اس کا کچھ اندازہ تو آپ مندرجہ بالا فارسی کلام سے لگا چکے ہوں گے

ان کا اردو کلام بھی دیکھئے مشہور شعر ہیں:

وہ دانائے سبل، ختم الرسل، مولائے کل جس نے
غبار راہ کو بخشا فروغ وادی سینا !!
نگاہ عشق و مستی میں وہی اول، وہی آخر
وہی قرآں، وہی فرقاں، وہی یٰسیں، وہی طٰہٰ

'بال جبریل' میں آپ کی ایک طویل نظم ہے 'ذوق و شوق' اس کا ایک بند ملاحظہ ہو۔

لوح بھی تو، قلم بھی تو، تیرا وجود "الکتاب"
گنبد آبگینہ رنگ تیرے محیط میں حباب
عالم آب و خاک میں تیرے ظہور سے فروغ
ذرۂ ریگ کو دیا تو نے طلوع آفتاب !
شوکت سنجر و سلیم، تیرے جلال کی نمود
فقر جنید و بایزید، تیرا جمال بے نقاب
شوق ترا اگر نہ ہو، میری نماز کا امام
میرا قیام بھی حجاب، میرا سجود بھی حجاب
تیری نگاہ ناز سے دونوں مراد پا گئے
عقل غیاب و جستجو، عشق حضور و اضطراب
تیرہ و تار ہے جہاں گردش آفتاب سے
طبع زمانہ تازہ کر جلوۂ بے حجاب سے

(صلو اللہ علیک یا رسول اللہ وسلم)

مولانا مودودی اور حضرت اقبال کے اختلافات کی تفصیل میں زیادہ جانے کی ضرورت نہیں ہے (کہ ان کا صحابہ کرام اور قابل قدر صوفیہ، فقہ خصوصاً مجددین رضی اللہ عنہم کے بارے میں کہاں کہاں اور کیسا کیسا اختلاف ہے) نیز یہ کہ موجودہ دور میں کس کی قیادت نے قوم کو کیا دیا اور ان کے

ہیں کہ [illegible] تعلقات کی نوعیت پر تھی [illegible] دشمن میں آجاتے ہیں چنانچہ [illegible] ﷺ [illegible] ﷺ ہیں۔ وہ مومن اور منافق وغیرہ میں سب سے بڑا امتحان حضور ﷺ کی ذات [illegible] مومن [illegible] با ادب ہوتا ہے اور کافر و منافق ادب سے خالی ہوتے ہیں۔ اقبال کے [illegible] عشق [illegible]

[illegible]

[illegible] عشق [illegible]

افسوس مولانا مودودی عمر بھر ادب کی اہمیت سے نا آشنا ہو کے [illegible] عشق پر ہوتی ہے تربیت ان کے غلاموں کو ملی۔

اصل عربی متن جس کا ترجمہ مودودی نے اپنے جملے میں فرمایا ہے یوں ہے

الا انه في بحر الشام او بحر اليمن لا بل من قبل المشرق ما هو [illegible] بيده الى المشرق (مسلم)

اس کا ترجمہ وحید الزمان (غیر مقلد) نے یوں کیا ہے

خبردار ہو کہ البتہ دریائے شام یا دریائے یمن میں ہے؟ نہیں بلکہ وہ پورب کی طرف ہے وہ پورب کی طرف ہے (پورب کی طرف بحر ہند ہے، شاید [illegible] کے کسی جزیرہ میں ہو) اور آپ نے اشارہ کیا پورب کی طرف [illegible]

جناب سید بدر عالم (دیوبندی) اس کا ترجمہ یوں فرماتے ہیں

(دیکھو وہ بحر شام یا بحر یمن [illegible]) بلکہ مشرق کی جانب [illegible] اشارہ فرمایا (ترجمان السنۃ [illegible])

دیکھئے کسی کے انداز بیان سے وہ شکوک و شبہات [illegible] مودودی [illegible] مسلمانوں کے ذہن میں وسوسہ [illegible] (اس [illegible] کے معتقد [illegible] مذہب [illegible] کی زبان ہے)

الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس (الناس)

ترجمہ: وہ شیطان جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں جن اور آدمی

اب آیئے ایک عاشق رسول حکیم الامت مفتی احمد یار خان صاحب نعیمی کی طرف وہ اس کی شرح یوں کرتے ہیں

"اس فرمان عالی کی بہت شرحیں کی گئی ہیں بہترین شرح یہ ہے کہ [illegible] مطلب یہ ہے کہ دجال کبھی بحر شام میں مقید ہوتا ہے اور کبھی بحر یمن کی جیل میں رکھا جاتا ہے۔ [illegible] ان دونوں جیلوں میں نہیں بلکہ مدینہ منورہ سے مشرقی جانب میں ہے یا یہ مطلب ہے کہ وہ شامی و یمنی جیلوں میں مقید رہتا ہے مگر قریب مدینہ منورہ میں ادھر سے نہ آئے گا بلکہ مشرق کی طرف سے آئے گا۔ خیال رہے کہ مدینہ منورہ سے شام جانب شمال ہے اور یمن جانب جنوب اور نجد جانب مشرق لہذا دجال اس زمانے میں نجد کی جانب سے آئے گا۔ یہ ہے محبوب ﷺ کا علم [illegible] حضور ﷺ [illegible] حضرت [illegible] کا ہے، کسی کا نہیں

ان کا یہی انداز قرآن پاک کا ترجمہ و تفسیر کرتے وقت ہوتا ہے۔

حق یہ ہے کہ خدا کے خوف، تقویٰ کی اصل چیز ادب رسول ﷺ سے ہوتی ہے، جس کے دل میں حضور پر نور ﷺ کا ادب نہیں

اس میں اللہ کا خوف بھی نہیں۔ قرآن پاک میں بڑی وضاحت سے بیان ہوا ہے۔

ان الذین یغضون اصواتھم عند رسول اللہ اولئک الذین امتحن اللہ قلوبھم للتقوی لھم مغفرۃ واجر عظیم O (الحجرات ۳)

ترجمہ: بیشک وہ جو اپنی آوازیں پست رکھتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے پاس، وہ ہیں جن کا دل اللہ نے پرہیزگاری کے لئے

پرکھ لیا ہے ان کے لئے بخشش اور بڑا ثواب ہے (کنزالایمان)

واضح ہو گیا کہ حضور پر نور ﷺ کے ادب و احترام سے ہی تقویٰ نصیب ہوتا ہے اور قرآن پاک کی سمجھ انہیں میسر آتی ہے جو اہل تقویٰ

ہوتے ہیں۔ چنانچہ اس بات کی وضاحت قرآن کی ابتدا ہی میں کر دی گئی، ملاحظہ ہو تاکہ قرآن پاک کو سمجھنے کی خواہش رکھنے

والے جان لیں کہ اس مقصد کے لئے خوف خدا کی کیا اہمیت ہے۔

ھدی للمتقین (البقرۃ ۲) ترجمہ (یہ کتاب) ہدایت ہے ڈر والوں کو

کیسا دردناک لطیفہ ہے کہ جنہیں قرآن پاک کی رو سے فہم قرآن ہی میسر نہیں، وہ تفہیم القرآن لکھتے ہیں۔ اس موقعے پر اہل سے پیر

طریقت میاں امیر سوہلوی کا پنجابی شعر حسب حال ہے

راہ چلدیاں چلدیاں راہیاں نوں آ جاندا اے جہادی سوز کوئی !!

رد کرن نصیحتاں صوفیاں نوں، سور کھدے پیتاں بیٹھ دانیاں نوں

یاد رہے کہ ادب اور تکبر و غرور متضاد اخلاق ہیں شیطان نے تکبر و غرور سے انکار کیا تھا۔

ابی واستکبر وکان من الکفرین O (البقرہ:۳۴)

ترجمہ: منکر ہوا اور غرور کیا اور کافر ہو گیا

بہرحال بے ادب متکبر و مغرور ہوتا ہے اور اللہ کا قانون یہ ہے کہ متکبر کو ہدایت کی توفیق نہیں مل سکتی۔ دیکھئے

ساصرف عن ایتی الذین یتکبرون فی الارض بغیر الحق ط (اعراف ۴۶)

ترجمہ: اور میں اپنی آیتوں سے انہیں پھیر دوں گا جو زمین میں ناحق اپنی بڑائی چاہتے ہیں۔ (کنزالایمان)

یاد رہے کہ ایک غرور و تکبر ہے عام مسلمانوں کے معاملے میں جو حرام ہے اور ایک غرور و تکبر ہے اللہ کے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقابلے

میں، یہ تکبر کی بدترین قسم ہے، اس سے انسان ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ملعون ہو جاتا ہے۔ آپ اس تکبر پر تحقیق کا میل کا نام یا توحید کا، نبی علیہ الصلوٰۃ

والسلام کے مقابل غرور و تکبر، بالخصوص نبی الانبیاء حضور رحمۃ للعالمین ﷺ کے مقابلے میں غرور و تکبر بدترین شیطنت اور ملعونیت ہے، بقول حافظ

مظہر الدین علیہ الرحمہ

ایسی توحید تو شیطان بتاتی ہے   دکھے سرکار کا انکار نہ ہونے پائے

الغرض مولانا صاحب جنھیں آج کل ان کے چیلے امام [illegible] ہیں کو حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ کے چشم دید حالات کی تو
